**18.01.2025**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں..................آسیہ میمونہ

---

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے دس ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام دو علاقوں میں سومتوا اسکیم کے تحت 65 لاکھ پراپرٹی کارڈس تقسیم کئے۔ انہوں نے کہاکہ اِس اسکیم کا مقصد زمین کے بندوبست کے معاملے میں دیہی برادریوں کو بااختیار بنانا ہے۔
☆ 70 ارکان پر مشتمل دلی اسمبلی انتخابات کیلئے 1500 سے زیادہ کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے گئے ہیں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال آج کی جارہی ہے۔
☆ کولکاتا میں سیالدہ کی ایک عدالت آج سہ پہر آر جی کر اسپتال آبروریزی اور قتل کیس میں اپنا فیصلہ سنائے گی۔
☆ اسرائیل اور حماس کے درمیان غزہ جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کے پہلے مرحلے کے تحت 735 فلسطینی قیدیوں اور 33 اسرائیلی یرغمالیوں کو رہا کیا جائے گا۔
☆ اور بیڈمنٹن میں انڈیا اوپن کے سیمی فائنل میں آج شام چراغ سیٹھی اور ساتوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی کا سامنا ملیشیا کی جوڑی سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM - Suamitva (Early)**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے **Svamitva** اسکیم کے تحت 65 لاکھ سے زیادہ پراپرٹی کارڈ تقسیم کئے۔
یہ پراپرٹی کارڈز 10 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے 50 ہزار سے زیادہ افراد کو تقسیم کئے گئے۔ **Svamitva** اسکیم کا مقصد دیہی آبادی والے علاقوں میں جائیداد کے مالکان کو حقوق کا ریکارڈ فراہم کرنا، بینک قرضوں کے ذریعے ادارہ جاتی قرض تک رسائی کے قابل بنانا، جائیداد سے متعلق تنازعات کو کم کرنا اور دیہی علاقوں میں جائیداد کے بہتر جائزے اور پراپرٹی ٹیکس کی وصولی کی حمایت کرنا ہے۔ اب تک تین لاکھ 17 ہزار سے زیادہ گاؤں میں ڈرون سروے مکمل کیا جاچکا ہے، جس میں 92 فیصد ہدف والے علاقوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

**S/B-PM**

ایک لاکھ **50** ہزار سے زیادہ گاؤں کیلئے تقریباً **2** کروڑ **25** لاکھ پراپرٹی کارڈ تیار کئے گئے ہیں۔

**S/B-PM Property**

یہ اسکیم پڈوچیری، انڈمان اور نکوبار جزائر، تریپورہ، گوا، اتراکھنڈ اور ہریانہ میں مکمل طور پر پہنچ چکی ہے۔ ڈرون سروے مدھیہ پردیش، اترپردیش ، چھتیس گڑھ اور مرکز کے زیرِ انتظام کئی علاقوں میں بھی مکمل ہوچکے ہیں۔ **x**

**PM - MyGov Rural Transformation**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ حکومت نے ٹیکنالوجی اور بہتر حکمرانی کی طاقت سے گاؤوں کو بااختیار بنایا ہے۔ جناب مودی نے یہ بات **MyGov** انڈیا سوشل میڈیا پوسٹ مشترک کرنے کے بعد کہی۔ اِس پوسٹ میں اجاگر کیا گیا ہے کہ کس طرح گاؤوں میں اراضی کے ڈیجیٹائزیشن کا عمل بھارت میں زراعت کے مستقبل کو ازسرِ نوتشکیل دے رہا ہے۔ اِس پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ اِس انقلابی قدم نے دیہی برادریوں کیلئے شفافیت اور رسائی میں اضافہ کیا ہے اور انہیں بااختیار بنایا ہے۔ اِس سے زمین سے متعلق تنازعات کو کم کرنے نیز زمین کے بندوبست کو بہتر بنانے میں مدد فراہم ہوئی ہے۔

اِس میں مزید کہا گیا ہے کہ مذکورہ ڈیجیٹائزیشن کے عمل نے دیہی شہریوں کیلئے زمین کی ملکیت اور حقوق کے دعویٰ کرنے کو آسان بنا دیا ہے۔ اِس طرح کاشت کاری کا مستقبل از سرِ نوتشکیل پارہا ہے۔ **x**

**PM - Mann Ki Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی آکاشوانی سے نشر ہونے والے پروگرام 'من کی بات' کے ذریعے ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں کے ساتھ کل اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا **118** واں نشریہ ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، آکاشوانی خبروں کی ویب سائٹ اور نیوز آن **AIR** موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ 'من کی بات' کو آل انڈیا ریڈیو نیوز، **DD** نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہِ راست نشر کیا جائے گا۔ 'من کی بات' کے ہندی نشریے کے فوری بعد آکاشوانی، اس پروگرام کو مقامی زبانوں میں نشر کرے گا۔×

**ECI Nomination Data**

**70** ارکان پر مشتمل دلّی اسمبلی کے انتخابات کیلئے کُل ایک ہزار **521** کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے گئے ہیں۔ انتخابی کمیشن کے مطابق کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے آخری دن **680** نامزدگیاں داخل کی گئیں۔ کمیشن نے بتایا کہ نئی دلّی اسمبلی حلقے کیلئے سب سے زیادہ نامزدگی پرچے داخل کئے گئے ہیں۔ اِس سیٹ سے کُل **29** امیدواروں نے **40** کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے گئے ہیں۔ اِس سیٹ سے عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کیجریوال، **BJP** کے پرویش ورما اور کانگریس کے سندیپ دیکشت کے مقابلے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ کمیشن نے مزید کہا کہ کالکاجی سیٹ سے کُل **18** امیدواروں نے اپنے کاغذات جمع کرائے ہیں۔

اِس سیٹ سے موجودہ وزیرِ اعلیٰ آتشی ، **BJP** کے رمیش بدھوری اور کانگریس کی اَلکا لانبا کے خلاف چناؤ لڑ رہی ہیں۔ کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جارہی ہے۔ اِس مہینے کی **20** تاریخ تک امیدوار اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔ **x**

**BJP Karnataka MUDA CASE**

**BJP** کے ریاستی صدر بی وائی وجیندر نے کہا ہے کہ میسورو شہری ترقیاتی اتھارٹی کیس میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی تحقیقات نے وزیراعلیٰ سدارمیا کے بدعنوانی میں شامل ہونے کو بے نقاب کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جناب وجیندر نے الزام لگایا کہ سدارمیا نے اپنی اہلیہ کے نام پر ہاؤسنگ سائٹس کو غیرقانونی طور پر الاٹ کرنے کیلئے اپنے سیاسی اثرورسوخ کا استعمال کیا۔ اُنہوں نے مبینہ کھُلے سے مکمل طور پر پردہ اُٹھانے کیلئے ایک جامع **CBI** جانچ اور وزیراعلیٰ سدارمیا سے استعفیٰ کا مطالبہ کیا، تاکہ شفاف طریقے سے اِس معاملے کی جانچ پڑتال کی جاسکے۔×

**ED Siddarmaiah**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ **ED** نے میسورو شہری ترقیاتی اتھارٹی **MUDA** سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے کیس میں **300** کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت کی **142** غیرمنقولہ جائیداد کو قرق کیا ہے۔ اس کیس میں کرناٹک کے وزیراعلیٰ سدارمیا اور دیگر افراد کے مبینہ طور پر ملوث ہونے کا الزام ہے۔ املاک کو قرق کئے جانے کا یہ عمل میسورو شہری ترقیاتی اتھارٹی کے ذریعے الاٹ کی گئی زمین میں مبینہ بے ضابطگیوں سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کی تحقیقات کا ایک حصہ ہے۔ **ED** نے کہا ہے کہ اِس کیس میں یہ کارروائی کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام ایکٹ **PMLA-2002** کی دفعات کے تحت کی گئی ہے۔

**ED** نے الزام لگایا ہے کہ کرناٹک کے وزیراعلیٰ کانگریس رہنما سدارمیا نے نہایت اہم مقامات پر میسورو شہری ترقیاتی اتھارٹی کی **14** جگہوں پر رعایت حاصل کرنے کیلئے اپنے سیاسی اثرورسوخ کا استعمال کیا اور میسورو شہری ترقیاتی اتھارٹی کے ذریعہ حاصل کردہ تین ایکڑ سے زیادہ زمین کو اپنی اہلیہ کے نام کیا ہے۔ **ED** نے مزید دعویٰ کیا کہ اُن **14** جگہوں کے علاوہ بڑی تعداد میں جگہوں کو میسورو شہری ترقیاتی اتھارٹی کے ذریعے غیرقانونی طریقے سے الاٹ کیا گیا ہے، تاکہ رئیل اسٹریٹ کاروباریوں کو فائدہ پہنچایا جاسکے۔ ان کاروباریوں نے بڑا منافع حاصل کرکے زمین کو فروخت کیا اور بڑی مقدار میں نقدی رقم حاصل کی۔×

**WB RG Kar Verdict**

سیالدہ کی ایک عدالت کے ذریعے آج کولکاتا میں آرجی کر میڈیکل کالج کیس سے متعلق فیصلہ سنایا جائے گا۔ اِس فیصلے کا طویل عرصے سے انتظار تھا۔ تحقیقاتی ایجنسی **CBI** نے اِس کیس میں سنجے رائے پر فردِجرم عائد کی ہے۔ دوسری طرف متاثرہ خاتون ڈاکٹر کے والدین، جونیئر ڈاکٹرس اور معاشرے کے دیگر طبقات نے اِس معاملہ پر تکلیف کا اظہار کیا ہے کہ **CBI** اِس کیس میں کسی بھی دوسرے شخص پر فردِ جرم عائد کرنے میں ناکام رہی۔ اُنہوں نے کہا کہ جرم کی نوعیت یہ بتاتا ہے کہ آرجی کر میڈیکل اور اسپتال میں پچھلے سال اگست میں جونیئر ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل میں ضرور دیگر افراد بھی شامل رہے ہوں گے۔×

**Kumbhvani Public Address System**

اور اب کچھ خبریں مہا کمبھ سے

**(Mahakumbh Montage--Open / CLG)**

پریاگ راج کے مہا کمبھ نگر میں یاتری اور عقیدتمند اب پبلک ایڈریس سسٹم سے آکاشوانی کے کمبھ وانی نیوز بلیٹن کو سن سکتے ہیں۔ آج صبح ساڑھے آٹھ بجے مہاکمبھ نگر میں پبلک ایڈریس سسٹم کے ذریعے آکاشوانی کا کمبھ وانی نیوز بلیٹن نشر کیا گیا۔ کمبھ وانی نیوز بلیٹن صبح میں آٹھ بجکر 30 سے آٹھ بجکر 40 منٹ تک، دوپہر میں دو بجکر 30 منٹ سے 2 بجکر 40 منٹ تک اور شام میں آٹھ بجکر 30 سے آٹھ بجکر 40 منٹ تک نشر کیا جارہا ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

**V-C Anand Kumar**

اِس اقدام سے عقیدتمندوں اور یاتریوں کو مہا کمبھ میلے سے متعلق مختلف سرگرمیوں کے بارے میں تازہ ترین جانکاری اور معلومات حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

کمبھ وانی نیوز بلیٹن 103 اعشاریہ 5 میگاہارٹس فریکوئنسی، نیوز آن اے آئی آر ایپ اور نیوز OTT پلیٹ فارم پر بھی سنا جاسکتا ہے۔

کچھ لوگوں نے آکاشوانی نیوز سے متعلق اپنے خیالات کا بھی اظہار کیا ہے اور اسے ایک بہتر پہل قرار دیا ہے۔

**(S/B Yograj Singh Jhala )**

پریاگ راج میں مہاکمبھ 2025 کیلئے پوری طرح وقف آکاشوانی مہاکمبھ چینل کا آغاز اِس مہینے کی 10 تاریخ کو اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے ذریعے کیا گیا تھا۔

اِس موقع پر اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر ڈاکٹر ایل مورگن بھی ورچوئل طور پر موجود تھے۔ یہ چینل 26 فروری تک خبروں کے علاوہ دیگر پروگرام نشر کرے گا۔

مہاکمبھ نگر پریاگ راج سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ..................

**(Mahakumbh Montage--Open / CLG)**

**IMD Weather**

بھارتی محکمہ موسمیات نے آج پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، راجستھان، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں رات کے وقت شدید کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ کل تک تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ماہے میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

محکمہ نے مزید کہا ہے کہ اگلے چوبیس گھنٹے کے دوران گجرات ضلع میں درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس اضافہ ہوسکتا ہے۔×

**Israel Ceasfire**

اسرائیل، غزہ جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کے معاہدے کے پہلے مرحلے کے تحت 735 فلسطینی قیدیوں کو رہا کرے گا، جس پر اُس نے حماس کے ساتھ اتفاق کیا ہے۔

اسرائیل کی وزارتِ انصاف نے کہا ہے کہ توقع ہے کہ یہ معاہدہ کل سے نافذ العمل ہوگا اور اس میں تین مراحل شامل ہیں۔ پہلے مرحلہ 42 دن تک جاری رہنے کی توقع ہے، جس کے دوران 33 اسرائیلی یرغمالیوں کو رِہا کیا جانا ہے۔ وزارت نے رہائی کیلئے مقرر تمام قیدیوں کے نام جاری کئے ہیں، سوائے 25 نابالغوں کے، جن کی عمر 16 سے 18 سال کے درمیان ہے۔ وزارت کا یہ بیان اسرائیلی حکومت کی جانب سے معاہدے کی منظوری کے فوراً بعد جاری کیا

گیا۔ x

**Badminton**

بیڈمنٹن میں انڈیا اوپن کے سیمی فائنل میں آج شام چراغ سیٹھی اور ساتوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی کا سامنا **Goh Sze Fei** اور **Nur Izzuddin** پر مشتمل ملیشیا کی جوڑی سے ہوگا۔×

**ICC U19 Cricket**

خواتین کا **ICC** انڈر-**19** ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کا دوسرا ایڈیشن آج ملیشیا میں شروع ہو گیا ہے۔ افتتاحی میچ میں، آسٹریلیا نے اسکاٹ لینڈ کو **9** وکٹ سے ہراکر بہت آسانی سے یہ میچ جیت لیا ہے۔ آسٹریلیا نے **48** رَن کا نشانہ چھ اوورس اور چار گیندوں میں حاصل کرلیا۔

**Samoa** اور نائیجیریا کے درمیان میچ میں بارش کی وجہ سے ملتوی کرنا پڑا ، جس کی وجہ سے کوئی ایک گیند بھی کھیلے بغیر میچ کو ختم کردیا گیا۔ آئرلینڈ اور انگلینڈ کے درمیان ایک دوسرے میچ کو بھی بارش کی وجہ **Draw** کردیا گیا۔

دفاعی چیمپئن بھارت، کل ویسٹ انڈیز کے ساتھ خطاب کو برقرار رکھنے کیلئے مقابلہ کرے گا۔ جنوبی افریقہ میں **2023** میں انگلینڈ کو فائنل میں ہرانے کے بعد بھارت نے یہ خطاب جیتا تھا۔

بھارت کو ملیشیا، سری لنکا اور ویسٹ انڈیز کے ساتھ گروپ اے میں شامل کیا گیا ہے۔ اس ٹورنامنٹ میں میزبان ٹیم ملیشیا سمیت **16** کرکٹ ٹیمیں خطاب حاصل کرنے کی کوشش کریں گی۔ اس **16** روزہ ٹورنامنٹ میں **16** ٹیموں کو چار گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے، جس میں کُل **41** میچ کھیلے جائیں گے۔ خواتین کے انڈر **19** ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کا فائنل **2** فروری کو کوالالمپور میں **Bayuemas Oval** میں کھیلا جائے گا۔ x

☆☆☆